ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(349)

مورخہ 26.06.23

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 11ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں اسلحہ ناجائز، شراب ومنشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ایسے گھنانے کاروبار کے مرتکب افراد کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلیئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی، تھانہ سول لائینز، تھانہ عباس نگر، تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے ملزمان ملازم حسین عرف ناجی ، سجاد حسین عرف حاجی، محمد ارشد عرف بابر عرف لالہ، محمد جہانگر، محمد اسماعیل اور محمد زاہد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06عدد پسٹل 30بور برآمد کر لئے۔شراب فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تھانہ دھوڑ کوٹ، تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے ملزمان قاری بلال، محمد شفقت بلوچ، محمد رمضان اور محمد نواز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 140لیٹر دیسی شراب، 15لیٹر لہن اور 02عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں، جبکہ تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے ملزم رستم کو 11 کلو500 گرام بھنگ سمیت گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھنانے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے میں بدامنی پھیلانے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں شراب سمیت گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (350)

مورخہ 26.06.23

**بہاولپور(            )انسانی اسمگلنگ اورسوداگری ایک سنگین جرم! آئیں ہم سب مل کر اپنے بچوں کا مستقبل محفوظ بنائیں۔ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوصدر سرکل بہاولپور کی زیر قیادت گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاولپور میں انسانی اسمگلنگ اورسوداگری کی روک تھام کے لئے سیمنیار کا انعقاد۔**

تفصیلات کے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں انسانی اسمگلنگ اورسوداگری کی روک تھام بارے ایس ڈی پی اوصدر سرکل بہاول پور سید اظہر گیلانی کی زیر قیادت گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاولپور میں سیمنار کا انعقاد کیا گیا۔سیمینار کا انعقاد sustainable social development organization کے مشترکہ تعاون سے کیا گیا۔انسانی اسمگلنگ اورسوداگری کے خطرات بارے آگاہی مہمات شروع کر کے عوام الناس میں شعور بیدار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ڈی ایس پی سید اظہر گیلانی نے شرکا سے خطاب کرت ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں نوجوان نسل شارٹ کٹ کا استعمال کرتے ہوئے اپنی زندگی کے مقاصد حاصل کرنے کیلیئے نوسر بازوں اور غیر قانونی انسانی اسمگلرز کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں جس سے وہ اپنی جان داؤ پر لگا کر خطرات کو مول لیتے ہیں۔یہ جرم بھی ہے اوراس کا شکار ہونے والے افراد اپنی جان بھی گنوا سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ انسانی اسمگلنگ قانونی واخلاقی جرم ہے ل۔ٹیکنکل ایجوکیشن کے فروغ سے نوجوان نسل کو ان خطرات سے بچایا جاسکتا ہے۔سیمنیار میں پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاولپور محمد اکرم فانی،قانونی رہنما محترمہ زاہدہ سراج اور پروگرامنگ کوارڈینٹر تنظیم ایس ایس ڈی او ایمن شاہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:انسانی اسمگلنگ اورسوداگری ایک سنگین جرم!ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوصدر سرکل بہاولپور کی زیر قیادت گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاولپور میں انسانی اسمگلنگ اورسوداگری کی روک تھام کے لئے سیمنار کا انعقاد کیا گیا